احمدی احباب کی تعلیم و تربیت کیلئے

جمعرات 4۔اگست 2005ء

روزنامہ

ٹیلی فون نمبر:213029

C.P.L 29

الفضل

ایڈیٹر: عبدالسمیع خان

Web:http://www.alfazal.com

Email:editor@alfazal.com

جمعرات 4 اگست 2005ء 27 جمادی الثانی 1426 ہجری 4 ظہور 1384 ھش جلد 55-90 نمبر 175

دعا میں سنجیدگی

حضرت ابوہریرہؓ بیان کرتے ہیں کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:۔

اللہ سے اس حال میں دعا کرو کہ تمہیں قبولیت کا یقین ہو اور جان لو کہ اللہ تعالیٰ غافل اور غیر سنجیدہ دل کی دعا قبول نہیں کرتا۔

(جامع ترمذی کتاب الدعوات باب فی جامع الدعوات حدیث نمبر:3401)

39ویں جلسہ سالانہ برطانیہ سے حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ کا افتتاحی خطاب 29 جولائی 2005ء

جب تک انسان صدق وخلوص سے ہاتھ نہیں پھیلاتا وہ خدا کی نصرت پانے کے قابل نہیں

حضور انور نے لوائے احمدیت لہرایا۔4 ممبران پارلیمنٹ کا جلسہ سے خطاب۔رشمور میں جماعتی روایات کے مطابق دعاؤں سے جلسہ کا آغاز

29 جولائی 2005ء کو حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز پاکستانی وقت کے مطابق رات 8:35 پر رشمور ارینا تشریف لائے اور لوائے احمدیت لہرایا۔مکرم امیر صاحب U.K نے برطانیہ کا جھنڈا لہرایا۔حضور انور نے دعا کروائی پھر نعروں کی گونج میں حضور انور جلسہ گاہ کے سٹیج پر تشریف لائے۔مکرم عبدالمومن طاہر صاحب نے سورہ حشر کی آیات 19 تا 25 کی تلاوت کی اور پھر ترجمہ پیش کیا۔اس کے بعد مکرم داؤد ناصر صاحب نے حضرت مسیح موعود کے کلام میں سے منتخب اشعار خوش الحانی سے سنائے۔

مکرم امیر صاحب برطانیہ نے جلسہ میں شرکت کرنے والے مہمانوں میں چار ممبران پارلیمنٹ کو باری باری سٹیج پر بلا کر اظہار خیال کا موقع دیا۔سب نے جماعت احمدیہ کے بارے میں تاثرات اور نیک خواہشات کا اظہار کیا۔

جلسہ سالانہ کی یہ تمام کارروائی رشمور ارینا لندن سے براہ راست نشر کی گئی۔حضور انور کا خطاب اردو میں تھا۔جلسہ گاہ میں موجود افراد اور دنیا میں پھیلے ہوئے افراد کیلئے حضور انور کے خطاب کا متعدد زبانوں میں براہ راست ترجمہ کا انتظام بھی کیا گیا تھا۔

پاکستانی وقت کے مطابق تقریباً ساڑھے نو بجے حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے اپنے افتتاحی خطاب کا آغاز فرمایا۔حضور انور نے سورہ بقرہ کی آیت نمبر 187 کی تلاوت کی اور فرمایا کہ اس میں خدا تعالیٰ نے یہ خوشخبری اور ضمانت دی کہ جو میری بندگی کا حق ادا کرے گا تو میں اس کی دعا کو قبول کروں گا۔

حضور انور نے سورۃ فاتحہ میں سکھائی گئی دعا کہ ہمیں سیدھے راستہ پر چلا ...... کی پرمعارف تشریح فرماتے ہوئے احمدیوں کو دعائیں کرنے اور خدا کا قرب حاصل کرنے کے بارے میں انسانی ہمدردی سے بھری ہوئی نصائح فرمائیں اور فرمایا کہ دنیا کو شیطان کے چنگل سے بچانے کی کوشش کرنی ہے۔حقوق اللہ اور حقوق العباد ادا کرنے ہیں۔نمازوں کی طرف توجہ کرنی ہے۔پھر خدا کی طرف سے ہدایت اور راہنمائی ہوتی ہے اور خدا کے قرب میں ترقی ہوتی ہے۔

حضور انور نے حضرت مسیح موعود کا ارشاد کہ ''نماز کا مغز اور روح سورہ فاتحہ کی یہی دعا ہے'' پیش کرتے ہوئے فرمایا کہ یہ دعا مانگیں کہ خدا کا قرب ایمان اور یقین بڑھے انعام یافتہ لوگوں کے حوالہ سے دعا کریں اور وہ اعمال کریں جو وہ کرتے تھے اور جو کام گمراہ لوگ کرتے تھے وہ نہ کریں اس سے خدا کا نور حاصل ہوگا۔

حضرت مسیح موعود کا ایک اور اقتباس پیش کرتے ہوئے فرمایا کہ انعام یافتہ لوگ چار ہیں ان کے طریق کو دیکھ کر اختیار کریں۔قرب پانے اور خدا کی عبادتوں کے اعلیٰ معیار انہوں نے قائم کئے۔نمازوں کی حفاظت کرتے ہوئے ان کے اسوہ کی پیروی کریں اور دعا کریں کہ جس طرح خدا نے ان کی راہنمائی فرمائی ہماری بھی اسی طرح راہنمائی فرمائے اور ان چار مقامات سے چار کمال مراد ہیں اور ان کو حاصل کرنے کی کوشش کرنی چاہئے۔

حضور انور نے فرمایا کہ جب ان کاملین کو نظر میں رکھ کر دعا کریں گے اور اپنے جائزہ کی طرف بھی توجہ پیدا ہوگی اور اپنے نفس میں جھانکیں گے تو پھر دعا کے ذریعہ برکات کے دروازے کھلیں گے ان کاملین کے راستے پر چلتے ہوئے دعائیں کریں اگر نماز طوطے کی طرح پڑھتے ہیں تو پھر فکر پیدا ہونی چاہئے دعا دل سے نکل رہی ہو تو قبول ہوتی ہے۔حضور انور نے فرمایا کہ صاف دل اور نیک نیت کی دعا ضرور قبول ہوتی ہے اور خدا خود ہاتھ پکڑ کر سیدھے راستہ پر چلاتا ہے اور اس راہنمائی پر اتنا یقین اور اطمینان قلب ہو جاتا ہے کہ کوئی چارہ نہیں رہتا۔حضرت مصلح موعود نے فرمایا ہے کہ لامذہبوں نے بھی اسی طرح دعا کر کے فائدہ اٹھایا ہے۔

حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا کہ ہر احمدی کا قدم ہر روز ہر لحہ ایمان اور قرب الٰہی میں آگے بڑھنا چاہئے جو نماز نہیں پڑھتے وہ پڑھیں جو دو یا تین پڑھتے ہیں وہ پانچ اور پھر باجماعت پڑھنے کی کوشش کریں اور اپنے آپ کو جھنجوڑیں۔

حضور انور نے فرمایا کہ اگر اعتقاد شرک و بدعت میں ملوث ہے تو وہ دعا ہی کیا ہے۔حضرت مسیح موعود کے ساتھ کئے ہوئے عہد بیعت کو پورا کرنے کی کوشش کریں اور جب خدا سے مانگیں تو اس کی ہدایت کے طالب ہوں تا خدا کے فضل اور برکت سے دل میں پاک تبدیلیاں پیدا ہوں۔اندھیرے اور ظلمت دور ہو اور خدا کا نور دل میں پیدا ہو اور ایک مقام پر کھڑے نہ ہوں بلکہ مسلسل ترقی کرتے رہیں۔

حضور انور نے خطاب کے آخر میں فرمایا کہ خدا کی دوری کی وجہ سے بغض اور کینہ اور سختی پیدا ہوتی ہے۔یہ صرف خدا کے فہم اور ادراک سے دور کی جاسکتی ہے اور یہ صرف احمدی کر سکتا ہے۔ان کی قسمت صرف احمدی پلٹ سکتا ہے ان کی ہدایت کا بھی باعث بنیں اور تمام مخلوق کو سچائی کے جھنڈے تلے لانے والے بنیں۔کیونکہ دنیا کے امن اور ہدایت کی طرف لانے والا صرف یہی ایک جھنڈا ہے خدا تعالیٰ ہم سب کو اپنے اندر انقلابی تبدیلیاں پیدا کرنے کی توفیق دے اور حضرت مسیح موعود کی دعاؤں کا وارث بنائے۔آمین

حضور انور نے خطاب کے بعد دعا کروائی اور یہ افتتاحی تقریب اختتام کو پہنچی۔

نماز جنازہ حاضر و غائب

مکرم منیر احمد جاوید صاحب پرائیویٹ سیکرٹری لندن تحریر کرتے ہیں کہ مورخہ 26 جولائی 2005ء قبل نماز ظہر و عصر بمقام بیت الفضل لندن حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ نے درج ذیل نماز جنازہ حاضر و غائب پڑھائیں۔

نماز جنازہ حاضر

مکرم طاہرہ بشریٰ چوہدری صاحبہ

مکرمہ طاہرہ بشریٰ چوہدری صاحبہ اہلیہ مکرم عبدالرحمٰن چوہدری صاحب مرحوم بقضائے الٰہی وفات پاگئیں۔ مرحومہ نیک، ملنسار اور مخلص خاتون تھیں آپ نے یوکے میں بطور صدر لجنہ پٹنی خدمات کی توفیق پائی۔

نماز جنازہ غائب

مکرم ماسٹر محمد عبداللہ صاحب

مکرم ملک محمد عبداللہ ریحان صاحب 28 جون 2005ء کو مختصر سی علالت کے بعد بعمر قریباً 80 سال وفات پاگئے۔آپ احمدے والا ضلع سرگودھا کے رہنے والے تھے اور 1960ء میں خود تحقیق کرنے کے بعد احمدیت میں شامل ہوئے آپ تعلیم الاسلام ہائی سکول میں بھی بطور استاد تعینات رہے۔ریٹائرمنٹ کے بعد تحریک جدید کے دفاتر میں خدمات دینیہ بجا لاتے رہے۔آپ محترم چوہدری حمید اللہ صاحب وکیل اعلیٰ تحریک جدید کے بہنوئی تھے۔مرحوم نے پسماندگان میں بیوہ کے علاوہ 6 بیٹیاں اور ایک بیٹا محترم عطاء القدیر صاحب (مقیم جرمنی) چھوڑے ہیں۔

مکرم محمد لئیق صاحب

مکرم محمد لئیق صاحب (ریٹائرڈ آرمی آفیسر) 15 مئی 2005ء کو دل کا شدید دورہ پڑنے سے وفات پاگئے۔مرحوم پچھلے 15 سال سے یوکے میں مقیم تھے اور سپن ویلی جماعت کی مقامی عاملہ میں سیکرٹری تعلیم و تربیت کے فرائض انجام دے رہے تھے۔نیک دعاگو، نظام جماعت کے پابند اور خلافت سے محبت رکھنے والے متقی انسان تھے۔آپ نے اہلیہ کے علاوہ 3 بیٹیاں اور ایک بیٹا یادگار چھوڑے ہیں۔

اللہ تعالیٰ تمام مرحومین کے ساتھ مغفرت کا سلوک فرماتے ہوئے انہیں جنت الفردوس میں بلند مقامات عطا فرمائے اور ان کے لواحقین کو صبر جمیل کی توفیق دے اور خود ان کا نگہبان ہو۔آمین

مشعل راہ

زندہ خدا

حضرت خلیفۃ المسیح الثانی فرماتے ہیں۔

رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے متعلق احد کی جنگ میں جب یہ خبر مشہور ہوئی کہ آپؐ شہید ہوگئے ہیں تو اس خبر کے سنتے ہی مدینہ کی عورتیں گھبرا کر اپنے گھروں سے باہر نکل آئیں۔ اور بعض تو اضطراب اور پریشانی میں احد تک جا پہنچیں جو مدینہ سے آٹھ میل کے فاصلہ پر ہے جب مسلمان عورتیں گھبراہٹ اور اضطراب کے عالم میں احد کی طرف جا رہی تھیں۔ تو انہیں راستہ میں بعض مسلمان سپاہی ملے۔ جو واپس مدینہ جا رہے تھے۔ ان میں سے ایک عورت آگے بڑھی اور اس نے ایک مسلمان سپاہی سے پوچھا کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا کیا حال ہے۔ چونکہ وہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو سلامت دیکھ چکا تھا۔ اور اس کا دل مطمئن تھا۔ اس نے بجائے یہ جواب دینے کے کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم خیریت کے ساتھ ہیں۔ اس عورت کو یہ جواب دیا کہ بی بی مجھے بڑا افسوس ہے تمہارا والد اس جنگ میں شہید ہوگیا ہے۔ اس نے کہا۔ میں تم سے اپنے والد کا حال دریافت نہیں کر رہی۔ میں تم سے یہ پوچھتی ہوں کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا کیا حال ہے۔ اس نے پھر اصل بات کا کوئی جواب نہ دیا۔ اور کہا بی بی تمہارا خاوند بھی شہید ہوگیا ہے اس عورت نے پھر کہا میں تم سے اپنے خاوند کے متعلق بھی نہیں پوچھ رہی۔ تم مجھے یہ بتاؤ کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا کیا حال ہے۔ اس نے کہا بی بی تمہارا بیٹا بھی شہید ہوگیا ہے اس پر پھر اس نے کہا۔ میں نے تم سے اپنے بیٹے کے متعلق بھی سوال نہیں کیا میں تم سے رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا حال دریافت کر رہی ہوں اور غصہ سے کہا کہ میں تم سے اپنے رشتہ داروں کے متعلق سوال نہیں کر رہی۔ تم مجھے رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا حال بتاؤ۔ اس نے کہا رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم تو خیریت سے ہیں جب عورت نے یہ سنا تو اس نے کہا جب رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم خیریت سے ہیں تو پھر مجھے کسی کی موت کی پرواہ نہیں۔ اس کے بعد اس عورت نے کہا۔ کہ تم نے مجھے رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی خبر سنا دی ہے۔ مگر مجھے تسلی نہیں ہوگی جب تک میں رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو اپنی آنکھوں سے نہ دیکھ لوں۔ اس نے بتایا کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم فلاں جگہ کھڑے ہیں۔ وہ عورت دوڑی ہوئی وہاں گئی وہ منہ سے کہتی جاتی تھی کہ یا رسول اللہ! آپ نے کیا کیا یعنی زخمی ہو کر گرے اور آپ کی شہادت کی خبر مشہور ہوئی۔ اور ہم لوگوں کو اتنا دکھ پہنچا ہے اس نے رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو دیکھا تو دیوانہ وار دوڑی ہوئی آپ کے پاس پہنچی اور محبت کے جذبہ سے سرشار ہو کر اس نے جھک کر آپؐ کے کرتے کا دامن چوما۔ اسے اپنی آنکھوں سے لگایا۔ اور پھر کہا۔ یا رسول اللہ! لوگ مجھے کہتے ہیں کہ تیرا خاوند مارا گیا ہے۔ تیرا باپ مارا گیا ہے۔ تیرا بیٹا مارا گیا ہے۔ یا رسول اللہ! آپؐ کے زندہ ہوتے ہوئے کسی اور کی مجھے پرواہ ہی کیا ہے۔ تو دیکھو رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی محبت ان لوگوں کے دلوں میں کتنی تھی۔ اور کتنا عشق تھا جو ان لوگوں کے قلوب میں پایا جاتا تھا۔ مگر اس کے ساتھ ہی ایک مومن کو نسبت کا اصل ہمیشہ مدنظر رکھنا چاہیئے۔ بے شک رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم ہمارے بہت بڑے محبوب ہیں مگر خدا ہمیں آپ سے بھی زیادہ پیارا ہے۔ اگر اس عورت کو اپنے خاوند کی موت، اپنے باپ کی موت، اپنے بیٹے کی موت اور اپنے بھائی کی موت رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی زندگی میں پریشان نہیں کرسکتی تھی تو ہمیں اپنے زندہ خدا کی موجودگی میں کوئی مصیبت کس طرح پریشان کرسکتی ہے۔ اگر ہمارا نقصان ہو جائے تو ہمیں سمجھنا چاہیئے کہ ہمارے خدا کا ایسا ہی ارادہ تھا۔ اور ہمیں راضی برضا رہ کر اس کے ساتھ اپنے تعلقات کو بڑھانا چاہیئے۔ (خطبات محمود جلد دوم ص 302-303)

میں قربان تیرے

نگاہِ نوازش ادھر بھی اٹھانا
جلانا یہ مردہ مسیحا جلانا

درِ میکدہ پر کھڑا ہے بھکاری
اسے بھی شراب محبت پلانا

میں قربان تیرے میں تجھ پر تصدق
اٹھانا حجابِ دو عالم اٹھانا

لٹا دی یونہی زندگانی لٹا دی
نہ سوچا نہ سمجھا نہ دیکھا نہ جانا

شب تار، بحرِ گنہ، دور ساحل
میں ڈوبا میں ڈوبا خدارا بچانا

ظَلَمْتُ ظَلَمْتُ وَ کُنْتُ ظَلُومًا
اَغِثْنِی اغِثْنِی اَیَا مَنْ ھَدانَا

دہائی خداوند عالم دہائی
بچانا خداوند عالم بچانا

مصلح الدین راجیکی

نیوروفزیشن کی آمد

مکرم ڈاکٹر رفیق احمد بشارت صاحب نیورو فزیشن مورخہ 21۔اگست 2005ء کو فضل عمر ہسپتال میں مریضوں کے معائنہ کیلئے تشریف لائیں گے۔ ضرورت مند احباب میڈیکل آؤٹ ڈور سے ریفر کروا کر پرچی روم سے اپنی پرچی بنوا لیں۔ بغیر ریفر کروائے ڈاکٹر صاحب کو دکھانا ممکن نہ ہوگا۔ مزید معلومات کیلئے استقبالیہ ہسپتال سے رابطہ فرمائیں وزیٹنگ فیکلٹی (Visiting Faculty) کا اعلان ویب سائٹ پر بھی کیا جاتا ہے۔

(www.foh-rabwah.org)

(ایڈمنسٹریٹر)

تقریب تقسیم اسناد

دارالصناعۃ ٹیکنیکل ٹریننگ انسٹیٹیوٹ ربوہ کے درج ذیل شعبوں میں نمایاں پوزیشن حاصل کرنے والے تمام طلباء کو اطلاع دی جاتی ہے کہ مورخہ 11۔ اگست بعد نماز مغرب انسٹیٹیوٹ کے سبزہ زار میں تقریب تقسیم انعامات/اسناد ہوگی۔ کلاسز کی تفصیل:۔

1۔ آٹو مکینک (AM-3) 2۔ آٹو مکینک (AM-4)

3۔ آٹو الیکٹریشن (AE-2) 4۔ جنرل الیکٹریشن (GE-2)

(ڈائریکٹر دارالصناعۃ)

پبلشر آغا سیف اللہ، پرنٹر سلطان احمد ڈوگر مطبع ضیاء الاسلام پریس مقام اشاعت دارالنصر غربی چناب نگر (ربوہ) قیمت -/4 روپے

عالمی شہرت کے حامل ماہر اقتصادیات اور اقتصادی مشیر برائے صدر پاکستان

محترم صاحبزادہ مرزا مظفر احمد صاحب کی پاکستان کے لئے خدمات اور اعترافات

آپ نے 72ء -1971ء کے شاہکار بجٹ اور پاکستان کی اقتصادی خوشحالی کے لئے بہت کام کیا

پروفیسر راجا نصر اللہ خان صاحب

پاکستان کے کچھ ابتدائی کامیاب سالوں کے بعد سیاستدانوں کی باہمی چپقلش اور اندرون خانہ سازشوں کے باعث ملک اندرونی اور بیرونی لحاظ سے کمزور اور مشکلات سے دوچار ہوتا گیا اور حکومتیں جلد جلد گرنے اور بدلنے لگیں۔ آخر اکتوبر 1958ء میں ایوب خان کے مارشل لاء کا دور شروع ہوگیا۔ پھر چند دنوں بعد ایوب خان نے صدر کا عہدہ سنبھال لیا۔

مجموعی طور پر ایوب خان کا کل دس سالہ دور وطن عزیز کی ساکھ، ترقی اور خوشحالی کا زمانہ تھا۔ اس کی بنیادی وجہ یہ بھی کہ صدر ایوب خان سچے محبِ وطن اور کشادہ نظر حکمران تھے۔ انہوں نے ہر طرح کی مذہبی اور علاقائی منافرت سے بالا ہو کر مختلف قابل مخلص اور اہل لوگوں کی صلاحیتوں اور خدمات سے پوری طرح فائدہ اٹھایا اور ان ماہرین کو ملکی ترقی میں حصہ لینے کے پورے پورے مواقع فراہم کئے۔ ان کے دور میں جہاں جسٹس کارنیلس اور جسٹس کیانی جیسی قابل شخصیات تھیں وہاں انہوں نے ملک کے ایک سچے خادم اور ماہر قانون شیخ بشیر احمد کو بھی عدلیہ میں بطور جج خدمات انجام دینے کا موقع دیا جو کہ لاہور کے ایک معروف احمدی سپوت تھے۔ اسی طرح ڈاکٹر آئی۔ ایچ۔ عثمانی اور ڈاکٹر منیر احمد خان کے ساتھ ساتھ انہوں نے سائنس کے میدان میں بین الاقوامی سطح پر اپنا لوہا منوانے والے جوہر قابل ڈاکٹر عبدالسلام کی صلاحیتوں اور کاوشوں سے بھی فائدہ اٹھایا اور معاشیات کے میدان میں دوسرے ماہرین معاشیات مثلاً زاہد حسین، عبدالقادر اور ممتاز حسن کے ساتھ ساتھ 1960ء کے عشرہ میں عالی ہمت اور عالی دماغ جناب ایم۔ایم۔احمد کو بھی اپنے جوہر دکھانے کا موقع فراہم کیا جو سیکرٹری وزارت خزانہ کے منصب سے مزید کامیابی کے زینے طے کرتے ہوئے ڈپٹی چیئرمین (جبکہ چیئرمین صدر ایوب خان خود تھے) منصوبہ بندی کمیشن اور یحییٰ خان کے دور میں صدر کے اقتصادی مشیر (وزیر کے عہدے کے برابر) کے منصب پر فائز ہوئے۔ چنانچہ 1960ء کی دہائی تاریخ پاکستان کا ایک روشن اور کامیاب دور تھا۔

جناب ایم۔ایم۔احمد کی فوقیت وقابلیت

پاکستان کے دو سابق وزرائے خزانہ جناب محبوب الحق (جو جنرل ضیاء الحق کے دور میں وزیر خزانہ رہے) اور جناب سرتاج عزیز (جو نواز شریف کے وزیر خزانہ تھے) 1960ء کی دہائی میں ایم۔ایم۔احمد کے ماتحت منصوبہ بندی کمیشن میں خدمات انجام دیتے رہے اور ان کی Grooming جناب ایم۔ایم۔احمد جیسے قابل ماہر اقتصادیات کے ذریعہ ہوئی۔ چنانچہ معروف صحافی تنویر قیصر شاہد تحریر کرتے ہیں:۔

"جنرل ضیاء دور کے وزیر خزانہ ڈاکٹر محبوب الحق اور آج کے وزیر خزانہ جناب سرتاج عزیز (وہ نواز شریف کے دور میں وزیر خزانہ رہے۔ناقل) ماضی میں جناب ایم۔ایم۔احمد کے نائبین ہوا کرتے تھے۔"

(کتاب "ایم۔ایم۔احمد کے انکشافات" از تنویر قیصر شاہد۔ دنیا پبلشرز ص 10)

صدر ایوب خان کے دور کے منصوبے

صدر ایوب خان ایک اعلیٰ پائے کے مدبر اور عظیم محب الوطن شخصیت تھے۔ انہوں نے وطن عزیز کو ترقی دینے کے لئے ہر میدان سے قابل لوگ اکٹھے کئے۔ ایم۔ایم۔احمد جو پنجاب کے ایڈیشنل چیف سیکرٹری تھے۔ انہیں مرکز میں لاکر سیکرٹری خزانہ کی ذمہ داری سونپی گئی۔ آپ نے اپنے فرائض منصبی ایسی کامیابی اور عمدگی سے ادا کئے کہ صدر ایوب خان نے جو منصوبہ بندی کمیشن کے چیئرمین بھی تھے جناب ایم۔ایم۔احمد کو ڈپٹی چیئرمین مقرر کردیا۔ آپ نے پاکستان کا شاندار پنج سالہ منصوبہ بنایا اور اس دور میں تربیلا ڈیم۔ منگلا ڈیم اور بہت سے دوسرے ترقیاتی منصوبے زیر عمل آئے جن سے وطن عزیز میں عظیم الشان اقتصادی وصنعتی ترقی ہوئی۔ چنانچہ اس دور (1960ء کی دہائی) کی ترقی کے متعلق کئی حقائق اور حوالے پہلے درج کئے جاچکے ہیں۔

بحیثیت اقتصادی مشیر

صدر ایوب خان کے بعد صدر یحییٰ خان کے دور میں خدا تعالیٰ کے فضل واحسان سے جناب ایم۔ایم۔احمد صدر پاکستان کے اقتصادی مشیر مقرر ہوئے۔ آپ کا منصب وفاقی وزیر کے برابر تھا۔ اس دور میں آپ کے دو بے مثال کارناموں کا ذکر کیا جاتا ہے۔

ون یونٹ کا خاتمہ اور نئے صوبوں کی تشکیل

صدر یحییٰ خان نے چھوٹے صوبوں کے احساس محرومی کو ختم کرنے کے لئے ون یونٹ توڑنے کا فیصلہ کیا۔ یہ کٹھن کام اعلیٰ افسران کی ایک کمیٹی کو سونپا گیا جس کے سربراہ جناب ایم۔ایم۔احمد تھے۔ کمیٹی کے سیکرٹریٹ کے ایک افسر مسٹر شاہد جاوید برکی جو آگے چل کر عالمی سطح کے ماہر اقتصادیات قرار پائے۔ اپنے ایک مضمون میں تحریر کرتے ہیں:۔

"کمیٹی کا کام بہت پیچیدہ تھا۔ اسے نہ صرف ون یونٹ کے حصے علیحدہ علیحدہ کرنے تھے بلکہ چار نئے صوبوں کو تشکیل بھی دینا تھا۔ ایم۔ایم۔احمد اس مہم پر پورے اترے۔ انہوں نے کئی ہفتوں تک اپنی شخصیت کے نمایاں اوصاف صبر واستقامت، عظمت ووقار اور ذہانت وفطانت سے کام لیتے ہوئے کمیٹی کی مسلسل رہنمائی کی اور گورنمنٹ کی طرف سے دیئے گئے عرصہ کے اندر اندر تمام بڑے بڑے مسائل کو سلجھالیا۔ کمیٹی کا منصوبہ یکم جولائی 1970ء کو نافذ العمل ہوا اور ون یونٹ ختم ہوگیا اور سب اختیارات صوبہ بلوچستان، شمال مغربی صوبہ سرحد، پنجاب اور سندھ کو تفویض کر دیئے گئے۔"

(مضمون مطبوعہ انگریزی اخبار "ڈان" مورخہ 6-8-2002)

بجٹ 1971ء-1972ء سے پہلے کے حالات

1971ء میں مشرقی پاکستان کے حالات سیاسی اور اقتصادی طور پر بے حد گھمبیر اور تشویشناک تھے۔ ہندو اور مکتی باہنی مل کر مشرقی پاکستان میں حالات دن بدن خراب کررہے تھے۔ فوج پر بے حد دباؤ پڑ رہا تھا۔ ملک کے مالیاتی نظام پر بے حد بوجھ تھا۔ اس پر مستزاد یہ کہ مشرقی پاکستان کے بینکوں سے کروڑوں روپے لوٹ لئے گئے۔ ملکی معیشت کو اس لوٹ کے بداثرات سے بچانے کے لئے جناب ایم۔ایم۔احمد نے دوسرے ماہرین وزعماء کے ساتھ مل کر فوری اقدام کرتے ہوئے بڑی کرنسی کے نوٹ (اس زمانہ میں سو اور پانچ سو کے نوٹ۔ناقل) فوری طور پر منسوخ کر دیئے اور دشمنوں کا منصوبہ دھرے کا دھرا رہ گیا۔ چنانچہ اس زمانے کے مشہور انگریزی اخبار "پاکستان ٹائمز" لاہور نے اپنی 9 جون کی اشاعت میں "کرنسی کی تنسیخ" کے زیر عنوان ایک اداریے میں لکھا:۔

"گزشتہ ماہ صدر مملکت کے اس انکشاف کے بعد کہ تقریباً ساٹھ کروڑ روپے یا اس سے بھی زائد مشرقی پاکستان کے بینکوں سے لوٹ لئے گئے ہیں۔ اس کے علاوہ کوئی چارہ نہ تھا کہ بڑی کرنسی کے نوٹوں کو منسوخ کردیا جائے کہ یہ اقدام معیشت کی خاطر لازم تھا۔ اس بات کو بآسانی سمجھا جاسکتا ہے۔"

(پاکستان ٹائمز، مورخہ 9 جون 1971ء)

اور نوائے وقت نے اپنے اداریہ "منسوخ نوٹ اور کالا روپیہ" 18 جون 1971ء میں تحریر کیا:۔

"پانچ سو اور ایک سو روپے کی مالیت کے نوٹوں کی تنسیخ کا بنیادی مقصد ملک وقوم کو مشرقی پاکستان کے بینکوں سے لوٹی ہوئی اس کرنسی کے منفی اثرات سے محفوظ کرنا تھا جو نام نہاد بنگلہ دیش کے پجاریوں نے مغربی بنگال پہنچا دی تھی۔ اور جو مغربی بنگال سے افغانستان اور خلیج فارس کی مملکتوں کے راستے دوبارہ پاکستان سمگل ہونے لگی تھی۔ یہ مقصد کرنسی نوٹوں کی تنسیخ کے اعلان کے ساتھ ہی حاصل ہوگیا تھا۔ اس اقدام کا ملکی معیشت پر بھی خوشگوار اثر پڑا...... اس اقدام سے افراط زر کو روکنے میں مدد ملی ہے۔ اور ہم ایک بار پھر کرنسی کی قیمت کم کرنے کے جاں گسل مرحلہ سے بچ گئے۔"

(اداریہ نوائے وقت، مورخہ 18 جون 1971ء)

1971ء-72ء کا بجٹ ایک مالیاتی شاہکار

مندرجہ بالا دگرگوں اور مہیب حالات ومشکلات میں جناب ایم۔ایم۔احمد نے 1972ء-1971ء کا بجٹ پیش کیا۔ اس بجٹ پر وطن عزیز کے تقریباً سبھی معروف اردو و انگریزی اخبارات نے جس طرح شاندار تبصرے کئے ان کے پیش نظر متذکرہ بجٹ کو وطن عزیز کا واقعی مالیاتی شاہکار قرار دیا جاسکتا ہے۔ چنانچہ اس مثالی بجٹ کو گورنمنٹ پاکستان کے سابق اقتصادی

مشیر ڈاکٹر انور اقبال قریشی سے لے کر جمیعت علماء پاکستان کے صدر صاحبزادہ فیض الحسن تک نے سراہا۔

ایم ایم احمد نے عمدہ کام کیا

چنانچہ ڈاکٹر انور اقبال قریشی اپنے بیان میں کہتے ہیں:۔

''یہ بجٹ زبردست تعمیری غوروفکر کا نتیجہ ہے۔ یہ رسمی قسم کا بجٹ نہیں......انہوں نے اس خیال کا اظہار کیا کہ سب حالات کو پیش نظر رکھا جائے تو مسٹر ایم۔ایم۔احمد نے عمدہ کام کیا ہے۔ بجٹ کی کامیابی کا انحصار اس بات پر ہے کہ مختلف پالیسیوں کو صحیح طور پر بروئے کار لایا جائے۔

('ڈان' مورخہ 28 جون 1971ء)

اور صاحبزادہ فیض الحسن نے کہا:۔

''صدر پاکستان کی تقریر (انتقال اقتدار کے متعلق صدر یحییٰ خان کی نشری تقریر۔ ناقل) کا پرجوش خیر مقدم کیا اور کہا کہ حکومت نے مشروط سیاسی امداد مسترد کر کے ایک خوددار اور غیرت مند قوم کی ترجمانی کی ہے۔ اب قوم پر بھی فرض عائد ہوتا ہے کہ وہ کفایت اور بچت کی مہم چلا کر خود کفیل ہونے کی کوشش کرے۔''

(نوائے وقت، 30 جون 1971ء)

اخبارات کے خوش آئند تبصرے

پاکستان ٹائمز نے 28 جون 1971ء کو اپنے خصوصی نمائندہ کی رپورٹ شائع کی۔ ایک حصہ ملاحظہ فرمائیں:۔

''راولپنڈی 27 جون اتوار کو عوام کا موڈ اس سے مختلف تھا جو عموماً بجٹ کے بعد ہوا کرتا تھا۔ قیمتوں کے چڑھ جانے کے امکانی خوف اور خفگی کی بجائے عوام راحت سی محسوس کر رہے ہیں۔ وہ اس بے رحم تلوار سے محفوظ ہو گئے ہیں جو عمومی معاشی بدحالی اور مشرقی پاکستان کے بحران کے پیش نظر ناگزیر معلوم ہوتی تھی۔ بجٹ کے دو نمایاں پہلو ہیں۔ ٹیکسوں کے عائد کرنے میں معقولیت اور خود پر انحصار کرنے کی اشد ضرورت۔''

(پاکستان ٹائمز، مورخہ 28 جون 1971ء)

خود کفالت کے لئے بجٹ

اداریہ ''امروز'' مورخہ 28 جون 1971ء زیر عنوان ''بجٹ تقریر'':۔

''بجٹ تقریر کا سب سے نمایاں پہلو یہ ہے کہ اس میں ملک وقوم کو دوسروں کی محتاجی سے نکلنے اور سہارے ڈھونڈنے کی بجائے اپنے وسائل پر بھروسہ کر کے خود کفالت حاصل کرنے اور اپنی پیداواری صلاحیتوں کو پوری ہمت اور مستعدی سے بروئے کار لانے کا پیغام بھی دیا گیا ہے اور اس ضمن میں واضح اقدامات بھی تجویز کئے گئے ہیں۔ مسٹر ایم۔ایم۔احمد نے کہا ہے کہ خود کفالت کے ذریعے ترقی کی منزل تک پہنچنے کے لئے ضروری ہوگا کہ وسیع پیمانے پر پیداوار میں اضافے اور برآمدات میں اضافے کی کوشش کی جائے۔''

(اداریہ 'امروز'، 28 جون 1971ء)

حقیقت پسندانہ بجٹ

روزنامہ ''مشرق'' کا اداریہ مورخہ 28 جون 1971ء زیر عنوان ''حقیقت پسندانہ بجٹ''

''صدر کے اقتصادی مشیر ایم۔ ایم۔ احمد کے مرکزی بجٹ کو مجموعی طور پر متوازن حقیقت پسندانہ اور ایک خوددار قوم کے شایان شان قرار دیا جاسکتا ہے۔''

آگے چل کر لکھا ہے:۔

''عام آدمی پر ٹیکسوں کا بار بہت کم ڈالا گیا ہے اور ترقیاتی حکمت عملی میں مختلف علاقوں کے عوام کی خواہشات کا سنجیدگی سے جائزہ لیا گیا ہے تا کہ معاشرتی انصاف کے پروگرام کا آغاز ہو سکے۔''

(روزنامہ مشرق، 28 جون 1971ء)

تبرکات

حضرت ڈاکٹر سید غلام غوث صاحب رفیق حضرت مسیح موعود

کے خود نوشت حالات اور ایمان افروز واقعات

سید غلام غوث ولد سید نبی بخش سکنہ موضع بیجہ تحصیل سمرالہ ضلع لدھیانہ۔ سب سے پہلے میں نے پندرہ سولہ سال کی عمر میں کرتارپور میں حضرت مسیح موعود کے متعلق سنا تھا۔ یعنی 1886ء میں شیخ مہر علی ہوشیارپوری کو ایک فوجداری مقدمہ میں پھانسی کی سزا ہوئی تھی تو کسی نے کہا کہ ایک برگزیدہ شخص نے دعا کے ذریعہ بتلایا ہے کہ ان کو پھانسی نہیں دی جائے گی۔ لاہور میڈیکل سکول میں طالب علمی کے زمانہ میں یعنی 1891ء میں ڈاکٹر خلیفہ رشید الدین صاحب مرحوم اور ڈاکٹر عبدالحکیم مرتد سے ملنے کا اتفاق ہوا مگر بیعت نہیں کی اور اکثر دفعہ حضرت اقدس اور حضرت مولوی نورالدین صاحب لاہور تشریف لائے۔ لیکچر ہوئے مگر بدقسمتی سے مجھے سننے کا موقعہ نہیں ملا۔ البتہ مخالفت میں مولوی محمد حسین بٹالوی اور مولوی بھوپڑی کے لیکچر سنے۔

اتفاق سے 1897ء میں جبکہ میں مشرقی افریقہ جا رہا تھا بمبئی میں ڈاکٹر رحمت علی صاحب جو کہ حضرت حافظ روشن علی صاحب کے بڑے بھائی تھے سے ملنے کا اتفاق ہوا۔ وہ بھی افریقہ جا رہے تھے۔ ایک ہی جہاز میں سوار ہوئے اور تمام رستہ ان سے حضرت اقدس کے متعلق بحث مباحثہ ہوتا رہا۔ آخر میں مان گیا مگر بیعت نہیں کی۔ اکثر عشاء اور تہجد میں دعائیں کرتا رہا۔ کئی دفعہ خواب میں زیارت کی اور حضرت اقدس کو بھی دیکھا۔ گو میں احمدی ہو چکا تھا، کوئی شک وشبہ نہ تھا مگر بیعت کو ضروری نہ سمجھتا تھا۔ آخر یکایک 1900ء میں اس زور سے تحریک ہوئی کہ نماز فجر پڑھنی مشکل ہو گئی۔ بعد نماز فجر بیعت کا خط حضرت اقدس کی خدمت میں تحریر کر دیا۔ اس کے جواب میں حضرت مولوی عبدالکریم صاحب کا خط قبولیت بیعت کا ملا۔ آخری فقرہ اس کا یہ تھا۔ ''اللہ تعالیٰ آپ کے ساتھ ہو۔ آمین''۔ تب سے باقاعدہ چندہ وغیرہ دینا شروع کیا۔ 1901ء فروری میں قادیان حاضر ہو کر دستی بیعت کی۔

بیعت کے بعد میں پھر افریقہ چلا گیا۔ افریقہ میں میاں محمد افضل صاحب ایڈیٹر البدر اور ڈاکٹر محمد اسماعیل صاحب مرحوم پہلے سے موجود تھے۔ انہوں نے وہاں خوب کامیاب دعوت الی اللہ کی۔ ڈاکٹر رحمت علی صاحب بھی انہی کی دعوت الی اللہ سے احمدی ہوئے تھے۔ ڈاکٹر رحمت علی صاحب نہایت صالح اور متقی نوجوان تھے۔ ان کے ذریعہ کثرت سے لوگ احمدیت میں داخل ہوئے اور افریقہ کا چندہ نہایت معقول رقم ہوتی تھی۔ وہاں تنخواہ بہت کافی ملتی تھی۔ چنانچہ میں نے وہاں سے علاوہ پانچ روپے ماہوار کے یکصد منارۃ المسیح کے لئے اور یکصد ریویو آف ریلیجنز کے لئے بھجوائے۔ اکثر حضرت اقدس کے لئے الگ رقم روانہ کرتا رہا۔ مگر احمدیت سے اچھی طرح واقفیت نہ ہونے کے باعث غیر احمدیوں سے اچھی طرح مباحثہ نہ کر سکتا تھا۔

1903ء میں واپس انڈیا آیا۔ اور بمعہ اہل و عیال سیدھا قادیان آ گیا۔ نومبر 1903ء سے اکتوبر 1904ء تک متواتر قادیان میں رہا۔ ان دنوں مولوی کرم دین بھین کا مقدمہ فوجداری چل رہا تھا۔ اور تمام آریہ اور عیسائی اور غیر احمدی اس کی مدد کر رہے تھے۔ کچہری میں جب دو سال قبل کی پیشگوئی کے الفاظ (جو کہ مواہب الرحمٰن میں درج ہو چکی ہے۔ جس میں ایک شخص کو کہا گیا تھا کہ وہ کذاب، لئیم ہے) پڑھے جاتے تھے تو عجب لطف آتا تھا۔

ستمبر 1904ء میں لیکچر لاہور اور نومبر 1904ء میں لیکچر سیالکوٹ میں شامل ہوا اور اکتوبر 1904ء کے اخیر میں ملازم ہو کر پنڈی گھیپ چلا گیا۔ وہاں ڈاکٹر بشارت احمد صاحب اور سلامت شاہ صاحب سے ملاقات ہوئی۔ **دسمبر 1905ء میں رسالہ الوصیت نکلا۔ جنوری 1906ء میں تیسرے حصہ جائیداد کی وصیت کی۔ بلکہ اسی وقت ایک ہزار روپیہ کے مکانات جو کہ مدرسہ احمدیہ کے شمالی جانب ہیں وصیت میں دے دیے۔ اور چندہ ماہوار بتدریج اٹھارہ روپے ماہوار تک** کر دیا۔ اور مہمان خانہ کے ملحق مکان رہائشی بغیر کرایہ اکثر مہمانوں یا سٹور کے کام آتا تھا۔

دوران مقدمہ گورداسپور میں الہام عفت الدیار محلھا و مقامھا اور تزلزل در ایوان کسریٰ فتاد۔ اور ایک مشرقی طاقت اور کوریا کی نازک حالت وغیرہ میری موجودگی میں ہوئے تھے۔

حضور کی وفات سے قبل 18 مئی 1908ء میں لاہور کے جلسہ دعوت عمائدین لاہور میں شرکت کی۔ دوسرے دن وہاں سے رخصت ہوئے۔ میرے رخصت ہوتے وقت حضرت اقدس نے فرمایا ''جاؤ اللہ حافظ'' ہاں میں نے کہا تھا کہ حضور میں تو اب بہت دور چلا گیا ہوں یعنی الہ آباد تو آپ نے فرمایا کہ دور نزدیک کیا۔ ہمیں تو دعوت الی اللہ کرنی ہے۔ چند دن کے بعد حضور کے وصال کی خبر پڑھ کر بہت رنج ہوا۔

چونکہ میرا مکان قادیان میں تعمیر ہو گیا تھا۔ لہٰذا میں اکثر رخصت لے کر وہاں ہی آتا تھا۔ حضرت خلیفۃ المسیح الاول کے وقت لاہوریوں نے مخالفت شروع کر دی۔ بدیں خیال کہ حضرت مولوی صاحب اپنے بعد حضرت میاں صاحب کو خلیفہ مقرر کریں گے۔ جس سے سلسلہ کو نقصان کا خطرہ ہے۔ کیونکہ حضرت میاں صاحب بچہ ہیں۔ اور ناتجربہ کار ہیں۔ جب حضرت مولوی صاحب گھوڑی پر سے گر کر سخت بیمار ہو گئے تو آپ نے ایک بند لفافہ میں وصیت کر کے شیخ تیمور کے سپرد کر دی تھی۔ مگر خدا کے فضل سے بعد میں اچھے ہو گئے تو وہ وصیت پھاڑ دی مگر اس میں حضرت میاں صاحب کے متعلق ہی لکھا تھا کہ خلیفہ ہوں۔ 1914ء میں حضور نے وفات پائی اور وصیت کی تو کسی کا نام نہیں لکھا بلکہ وفات پا گئے۔ لاہوری لوگ خلیفہ نہ چاہتے تھے۔ مگر دوسرے لوگ چاہتے تھے۔ پس دوسرے لوگوں نے حضرت خلیفۃ المسیح الثانی کے ہاتھ پر بیعت کر لی۔ اور مولوی محمد علی صاحب و دیگر صاحبان لاہور چلے گئے۔

اس کے بعد سب لوگوں نے دیکھ لیا کہ انتخاب خلیفہ کے ساتھ تھا واقعی یہ شخص مصلح موعود ہے۔...... آپ سے بہت سے خارق عادت امور ظاہر ہو چکے ہیں۔ اللہ تعالیٰ آپ کی عمر میں برکت دے۔ آمین

میرے اس وقت تین لڑکے ہیں، بنام سید احمد متعلم مولوی فاضل کلاس، محمد احمد مدرسہ ہائی جماعت پنجم اور محمد یونس جماعت ششم اور پانچ لڑکیاں ہیں۔ اب میں پنشن پاتا ہوں۔ اللہ تعالیٰ کا احسان اور شکر ہے۔ فارغ البال ہوں۔ میرا بھائی محمد اسماعیل محرر امور عامہ ہے۔ میری والدہ حسین بی بی بہشتی مقبرہ میں مدفون ہیں۔ میری بیوی رحمانی بیگم موصیہ ہے۔

(الفضل 30 جولائی 1958ء)

دل خدا تعالیٰ کی محبت کیلئے بنایا گیا ہے۔

(حضرت خلیفۃ المسیح الثالث)

انجینئر محمود مجیب اصغر صاحب

حضرت مصلح موعود کے احسانات اور برکات

کچھ عرصہ قبل سوانح فضل عمر کی آخری جلد یعنی جلد پنجم شائع ہوئی۔ الحمد للہ یہ کتاب فضل عمر فاؤنڈیشن نے شائع کی ہے اور اس کے مؤلف مولانا عبدالباسط صاحب شاہد ہیں۔

جوں جوں اس جلد کا مطالعہ کرتا گیا حضرت مصلح موعود کی یادیں ابھر ابھر کر سامنے آنے لگیں ہاں اسی مصلح موعود کی یادیں جسے حسن واحسان میں حضرت مسیح موعود کا مثیل قرار دیا گیا جس کی پیدائش کے بعد حضرت مسیح موعود نے بیعت کا آغاز کیا اور جماعت احمدیہ کی بنیاد رکھی۔ وہ نہایت بچپن سے ہی اللہ تعالیٰ کے عشق اور اس کی معرفت اور عبادت میں سرشار تھا جیسا کہ فرمایا۔

محمود عمر میری کٹ جائے کاش یوں ہی
ہو روح میری سجدہ میں اور سامنے خدا ہو

جیسا کہ پیشگوئی تھی کہ وہ جلد جلد بڑھے گا اس کا جلد جلد بڑھنا حقیقت میں روحانیت میں جلد جلد بڑھنا تھا کیونکہ وہ صرف 25 سال کی عمر میں (14 مارچ 1914ء کو) خلافت احمدیہ عالمگیر کے عظیم منصب پر فائز ہوگیا تھا۔ باون سال تک وہ اللہ تعالیٰ کے عظیم الشان نشانوں کا مظہر بن کر چمکا اور ایک نہایت کامیاب زندگی گزار کر اور معاندین اور حاسدوں کو شکست پر شکست دے کر اور احمدیت کو اکناف عالم میں پھیلا کر اور نظام خلافت کو استحکام بخش کر اور اپنی انمٹ یادیں چھوڑ کر 8 نومبر 1965ء کو 76 سال کی عمر میں اپنے خدا کے حضور حاضر ہوگیا۔ کچھ یادیں جنہیں رقم کرنا مقصود ہے براہ راست ہیں اور بعض بالواسطہ ہیں لیکن سب کا تعلق کسی نہ کسی طرح حضرت مصلح موعود کی ذات سے ہے اور حضرت مصلح موعود کے ہی فیض سے عبارت ہے۔

1944ء کا مبارک سال

سوانح فضل عمر میں میرے والد میاں فضل الرحمان بسمل بی اے بی ٹی سابق امیر جماعت احمدیہ بھیرہ کی ایک ملاقات کا ذکر ہے جو انہوں نے بھیرہ سے قادیان جا کر 1943ء میں حضرت مصلح موعود سے کی۔ اس ملاقات کا ذکر کر کے والد صاحب فرماتے ہیں:۔

”کچھ عرصہ کے بعد واقعی میرے حالات کافی بدل گئے اور اللہ تعالیٰ کے فضل کی بہت بارش ہوئی اور دم بدم ہو رہی ہے۔“

(سوانح فضل عمر جلد پنجم ص426)

اگلے سال 1944ء میں حضرت مصلح موعود نے ”مصلح موعود“ ہونے کا دعویٰ کیا اور اسی سال 30 نومبر 1944ء کو میری پیدائش ہوئی۔ میری پیدائش بھیرہ کی ہے۔

ضمناً عرض کرتا چلوں کہ یہ عجیب توارد ہے کہ جب حضرت بانی سلسلہ احمدیہ نے مسیح موعود ہونے کا دعویٰ کیا تو اس وقت حضرت اقدس کی عمر مبارک 55 سال کی تھی اور جب 1944ء میں حضرت خلیفہ ثانی نے مصلح موعود ہونے کا اعلان کیا تو اس وقت حضور کی عمر مبارک بھی 55 سال کی تھی۔

حضرت مصلح موعود کا ایک الہام بھی ہے انا المسیح الموعود و مثیلہ و خلیفتہ کہ میں مسیح موعود ہوں یعنی اس کا مثیل اور خلیفہ۔

پس خوش قسمت ہیں وہ لوگ جنہوں نے اس موعود کا زمانہ پایا۔ جو بانی سلسلہ عالیہ احمدیہ کا فرزند جلیل اور مثیل اور موعود خلیفہ تھا جس کی ذات میں بانی سلسلہ احمدیہ مسیح موعود ومہدی معہود کی ایک عظیم الشان پیشگوئی جو کئی پیشگوئیوں کا مجموعہ ہے پوری ہوئی اور احمدیت کی اشاعت اکناف عالم میں ہوئی۔

بھیرہ کو یہ شرف حاصل ہے کہ حضرت مسیح موعود کے مصدق اور پہلے خلیفہ حضرت مولانا حکیم نورالدین صاحب وہاں کے رہنے والے تھے اس کے علاوہ بھی کئی نامور رفقاء کا تعلق بھیرہ سے تھا۔ جیسے حضرت مفتی محمد صادق صاحب، حضرت حکیم فضل دین صاحب، حضرت حکیم فضل الرحمٰن صاحب، حضرت قاضی امیر حسین صاحب، حضرت مخدوم محمد صدیق صاحب، حضرت غلام محمد گلگتی صاحب۔

خواب میں زیارت

میرے دادا جان حضرت الحاج میاں عبدالرحمٰن صاحب اور آگے ان کے والد یعنی میرے پڑدادا جان حضرت میاں الٰہ دین صاحب کو اللہ تعالیٰ نے حضرت مسیح موعود کی 1898ء میں دستی بیعت کرنے کی سعادت نصیب فرمائی اور وہ بھی رفقاء مسیح موعود ٹھہرے۔ آگے والد صاحب اور ان کی اولاد در اولاد پیدائشی احمدی ہیں۔ بھیرہ میں جو ہمارا آبائی گھر تھا (جہاں میرے بزرگوں نے بودوباش اختیار کی اور وہیں سے جا کر حضرت مسیح موعود کے قدموں سے وابستہ ہوئے تھے) مجھے اکثر بچپن میں حضرت مصلح موعود اسی آبائی گھر میں خواب میں نظر آتے تھے۔ ایسے بار بار ہوتا رہا اور یہ اللہ تعالیٰ کا خاص احسان ہے۔

جب خلافت ثالثہ کا آغاز ہوا تو بسا اوقات حضرت مصلح موعود اور حضرت خلیفہ ثالث دونوں اکٹھے خواب میں نظر آتے تھے۔

حضرت مصلح موعود کا سفر بھیرہ

1950ء میں حضرت مصلح موعود نے بھیرہ کا دورہ فرمایا۔ اس کا ذکر سوانح فضل عمر جلد پنجم کے صفحہ نمبر 288 سے 291 تک پر ہے۔ بھیرہ حضرت خلیفۃ المسیح الاول کا مولد ومسکن تھا اور حضرت مصلح موعود کی ایک بیوی حضرت خلیفہ اول کی بیٹی تھیں جو کہ اس دورے سے کئی سال پہلے نہایت کم عمری میں فوت ہو چکی تھیں ان کے ساتھ حضرت مصلح موعود کا وعدہ تھا کہ انہیں بھیرہ دکھائیں گے۔ جب حضرت مصلح موعود نے 1950ء میں بھیرہ کا دورہ فرمایا اس وقت میرے والد صاحب ہڈالی ضلع خوشاب میں سکول ماسٹر تھے اور ہم سب وہیں رہ رہے تھے۔ والد صاحب اکیلے بھیرہ گئے تھے اور حضرت مصلح موعود کے اس تاریخی سفر سے فیض یاب ہوئے تھے والد صاحب نے اس موقع کے لئے ایک نظم لکھی تھی جس کا علم مجھے ذرا بڑے ہو کر ہوا جس کے دو شعر بطور نمونہ پیش ہیں۔

جناب مرزا سے عالی گہر کو دیکھتے ہیں
خوشا کہ حضرت فضل عمر کو دیکھتے ہیں
بقول حضرت غالب یہاں یہ عالم ہے
کبھی ہم ان کو کبھی اپنے گھر کو دیکھتے ہیں

ہمارے والد صاحب اس دورے کا گھر میں اکثر ذکر کرتے تھے اور ہمیں یوں محسوس ہونے لگا کہ گویا ہم بھی اس وقت وہاں اس پاک محفل میں موجود تھے۔

بیت نور بھیرہ

بھیرہ میں جماعت احمدیہ کی دو بیوت الذکر ہیں ایک بیت نور ہے اور دوسری بیت فضل ہے۔ بیت نور کو خاص اہمیت حاصل ہے کیونکہ حضرت خلیفۃ المسیح الاول کا آبائی گھر 1911ء میں بیت نور میں تبدیل کر دیا گیا تھا۔ بیت نور میں وہ کمرہ اب بھی موجود ہے جہاں حضرت خلیفہ اول کی پیدائش ہوئی تھی۔ حضرت مصلح موعود نے اپنے بھیرہ کے دورے کے دوران اس کمرے میں نفل ادا کئے تھے۔ چنانچہ اس بابرکت جگہ پر مجھے سکول کے زمانے کے دوران اور بعد میں بھی کئی بار نفل ادا کرنے کا موقع ملا۔ میرے بچپن کا مشاہدہ ہے کہ جمعہ کے روز تو اکثر ایسے ہوتا تھا کہ کئی بزرگ اردگرد کے علاقوں جیسے ہجکہ، رکھ چراگاہ وغیرہ سے کافی پہلے آجاتے تھے اور اس کمرے میں نفل پڑھتے رہتے تھے۔ حضرت مصلح موعود 1950ء کے سفر بھیرہ کے دوران دونوں بیوت میں تشریف لے گئے اور اپنے دست مبارک سے سنگ مرمر کے کتبے بھی نصب فرمائے تھے اور بیت فضل میں خطاب بھی فرمایا تھا جس کی ایک تصویر بھی سوانح فضل عمر جلد پنجم میں چھپی ہے۔

حضرت خلیفۃ المسیح الاول کا مطب

حضرت مصلح موعود کے سفر بھیرہ کی روئداد میں لکھا ہوا ہے:۔

”دو نفل شکرانے کے ادا کرنے کے بعد امیر مقامی کی استدعا پر (بیت الذکر) میں سنگ مرمر کا ایک یادگار کتبہ نصب فرمایا اس کے بعد حضور حضرت خلیفہ اول کا مطب دیکھنے تشریف لے گئے۔“

(سوانح فضل عمر جلد پنجم ص290)

یہ وہی مطب ہے جس کی تعمیر کے دوران حضرت خلیفہ اول بھیرہ سے لاہور کسی بلڈنگ میٹیریل کی خرید کے لئے تشریف لے گئے تھے اور لاہور میں خیال آیا تھا کہ قادیان جا کر حضرت مسیح موعود کو کھڑے کھڑے مل آؤں لیکن حضرت مسیح موعود کی خواہش پر پھر ہمیشہ کے لئے مسیح موعود اور قادیان کے ہو کر رہ گئے اور بھیرہ کبھی واپس نہ آئے۔

میرے بچپن میں یہ مطب میونسپل بورڈ کا پرائمری سکول نمبر 1 تھا جہاں میرے والد صاحب اور آگے مجھے اور میرے بھائیوں کو بھی ابتدائی تعلیم حاصل کرنے کا شرف حاصل ہوا۔ اس کے ساتھ یقیناً حضرت مصلح موعود کی یادیں بھی وابستہ ہیں اور دو خلفاء کی برکت شامل ہے۔

1953ء کے فسادات

1953ء میں جماعت کے بڑے مخدوش حالات تھے۔ اصل حالات کا تو بڑے ہو کر علم ہوا اس وقت میں تیسری جماعت میں پڑھتا تھا۔ ہمارے قصبہ بھیرہ میں بھی جلوس نکلے اور ہمیں سکول سے چھٹی ہوگئی۔ اتنا یاد ہے کہ کئی احمدی خاندان بیت نور بھیرہ کے سامنے والی گلی میں چند احمدی گھروں میں اکٹھے ہوگئے تھے۔ بچپن میں شعور تو نہیں تھا۔ ہم اپنے گھر کی چھت سے بازار میں نکلنے والے جلوس کو دیکھا کرتے تھے۔ ان دنوں حضرت مصلح موعود کا دلوں کو تقویت دینے والا یہ بیان کانوں میں سنائی دیا کہ خدا میری مدد کے لئے دوڑتا ہوا چلا آرہا ہے اور میں دشمن کے پاؤں کے نیچے سے زمین نکلتی دیکھ رہا ہوں۔ چنانچہ یہی کچھ ہوا جیسا کہ حضرت مسیح موعود نے کشتی نوح میں تحریر فرمایا تھا ”دنیا کی لعنتوں سے مت ڈرو کہ وہ دھوئیں کی طرح دیکھتے دیکھتے غائب ہو جاتی ہیں اور وہ دن کو رات نہیں کر سکتیں“۔

جلسہ سالانہ پر ملاقات

چند بار بچپن میں والد صاحب کے ساتھ جلسہ سالانہ ربوہ پر جانے کا موقع ملا۔ بھیرہ ضلع سرگودھا میں شامل ہے۔ ضلع سرگودھا کی ملاقات کے دوران حضرت مصلح موعود کے ساتھ امیر ضلع حضرت مرزا عبدالحق صاحب ایڈووکیٹ بیٹھے ہوتے تھے اور احباب کا تعارف کرواتے تھے۔ حضرت مصلح موعود میرے والد صاحب کو خوب اچھی طرح پہچانتے تھے۔ آخری کئی سالوں میں حضرت مصلح موعود کی بیماری کی وجہ سے مصافحہ کرنے کی اجازت نہیں ہوتی تھی اور زبانی ”السلام علیکم“ عرض کر کے پاس سے گزر جانے کی ہدایت تھی۔ جلسہ گاہ میں بھی بعض اوقات اعلان ہوتا کہ ڈاکٹروں کے مشورہ کے پیش نظر حضرت مصلح موعود تشریف نہیں لائیں گے لیکن بسا اوقات ایسے ہوتا کہ شدید بیماری کی حالت میں بھی جماعت کی محبت حضور کو کھینچ کر لے آتی اور حضور ڈاکٹروں کے مشورے کی پرواہ نہ کرتے۔ مجھے اچھی طرح یاد ہے ایک بار اسی

حالت میں تیز تیز تقریر فرمائی اور آنحضرت ﷺ کا نام آتے ہی رقت طاری ہو جاتی تھی بالخصوص ان مظالم کے ذکر پر جو آنحضرت ﷺ کی قوم کی طرف سے کئے گئے۔

تعلیم الاسلام کالج ربوہ

تعلیم الاسلام کالج ربوہ کی بلڈنگ مکمل ہونے پر حضرت مصلح موعود نے 6 دسمبر 1954ء کو دعاؤں کے ساتھ افتتاح فرمایا تھا۔ خلافت ثالثہ کے منصب پر فائز ہونے تک حضرت مرزا ناصر احمد صاحب اس کالج کے پرنسپل تھے۔ اس کالج کے پس منظر میں حضرت مصلح موعود کی تدابیر اور دعائیں شامل ہیں۔

یہ اللہ تعالیٰ کا عظیم احسان ہے کہ مجھے بھی اس درس گاہ میں دو سال پڑھنے کا اتفاق ہوا اور 1962ء میں میں نے یہاں سے ایف ایس سی کی۔ یہ حضرت مصلح موعود کی دعاؤں کا ہی فیض تھا کہ اس سال کالج کے سات طلباء کو انجینئرنگ یونیورسٹی لاہور میں اور پانچ طلباء کو میڈیکل کالج میں داخلہ ملا تھا۔ مجھ پر بھی اس کالج کا احسان ہے کہ مجھے بھی انجینئرنگ یونیورسٹی میں سول انجینئرنگ میں داخلہ مل گیا۔ جس کا میرٹ اس وقت سب سے زیادہ ہوا کرتا تھا۔ اس میں یقیناً حضرت مصلح موعود کی دعاؤں کا فیض شامل تھا۔

انجینئرنگ یونیورسٹی لاہور

راولپنڈی کے موجودہ امیر ضلع مکرم انجینئر فضل الرحمٰن خان صاحب کے طالب علمی کے زمانہ میں اپریل 1951ء میں حضرت مصلح موعود کا انجینئرنگ کالج میں ایک لیکچر ہوا تھا اس وقت جو احمدی طلباء انجینئرنگ کالج لاہور میں پڑھتے تھے ان کا حضرت مصلح موعود کے ساتھ ایک فوٹو گراف بھی ہوا تھا جو سوانح فضل عمر جلد پنجم کے صفحہ 145 سے پہلے دیا گیا ہے اس طرح حضرت مصلح موعود نے اس کالج کو اپنے وجود سے برکت بخشی۔ 1962ء میں یہ ”کالج“ ویسٹ پاکستان یونیورسٹی آف انجینئرنگ اینڈ ٹیکنالوجی لاہور میں تبدیل ہو گیا اور اسی سال مجھے بھی یہاں داخلہ ملا۔

میرے والد صاحب بار بار تاکید فرماتے تھے کہ حضرت صاحب کو دعا کے لئے خط لکھا کرو۔ چنانچہ طالب علمی کے زمانے سے ہی حضور کو دعا کے لئے لکھنے کا شوق پیدا ہوا چونکہ طالب علم کے سر پر ہمیشہ امتحان کا بھوت سوار ہوتا ہے اس لئے میں بھی اکثر امتحان میں کامیابی کے بارہ میں ہی حضرت مصلح موعود کو خط لکھتا تھا عموماً پوسٹ کارڈ پر جواب آتا تھا۔

حضرت مصلح موعود میرے محسن آقا اور آئیڈیل اور رہبر تھے۔ میں نے حضرت مصلح موعود کی ایک ولولہ انگیز تحریر یونیورسٹی ہوسٹل کے کمرے میں میز پر چسپاں کی ہوئی تھی جس میں حضرت مصلح موعود نے اعلیٰ مقاصد کے حصول کے لئے عظیم جدوجہد اور فنا تک ہو جانے کا عزم کیا ہوا ہے۔ اس سے محنت اور ارادوں کی پختگی اور بلند پروازی میں بڑی مدد ملتی تھی۔

حضرت مصلح موعود کی وفات

حضرت مصلح موعود کی آخری بیماری کے دوران دعاؤں اور نوافل کی مرکز سے تحریک ہوتی رہتی تھی۔ حضرت نواب مبارکہ بیگم صاحبہ کی درد سے بھری ہوئی نظم

آج فرزند مسیحائے زماں بیمار ہے
دعویٰ داران محبت سو رہے جا کر کہیں؟
قوم احمد! جاگ تو بھی جاگ اس کے واسطے
ان گنت راتیں جو تیرے درد سے سویا نہیں

گویا آج بھی کانوں میں گونجتی ہے۔ اکتوبر، نومبر 1965ء میں مرکز کی تحریک پر ہم ہر سوموار اور جمعرات کو نفلی روزے رکھ رہے تھے لیکن اللہ تعالیٰ کی تقدیر پوری ہو چکی تھی۔ میرے ایک کلاس فیلو (جو ایف ایس سی میں خود احمدی ہوئے تھے اور ہم پرانے احمدیوں سے بہت آگے نکل گئے تھے) اور جن کا نام ملک لال خان صاحب ہے۔ انہوں نے ہوسٹل میں 8 نومبر 1965ء کو نماز فجر سے قبل میرے کمرے کے دروازے پر دستک دی اور رقت آمیز آواز کے ساتھ حضرت مصلح موعود کے وصال کی خبر دی جسے سن کر میرے تو پیروں تلے سے زمین ہی نکل گئی۔

ہم اکثر احمدی طلباء اپنی اپنی سہولت کے مطابق اسی روز ربوہ پہنچ گئے۔ رات عشاء کے بعد بیت مبارک میں انتخاب خلافت تھا جو حضرت مرزا عزیز احمد صاحب ناظر اعلیٰ کی زیر صدارت ہوا اور الٰہی نوشتوں کے مطابق حضرت مصلح موعود کے ہی بڑے صاحبزادے حضرت حافظ مرزا ناصر احمد صاحب ”خلیفۃ المسیح الثالث“ منتخب ہوئے۔ بیعت عام میں بھاگ کر ہم بھی شامل ہو گئے اور اگلے روز 9 نومبر 1965ء کو پچاس ہزار کے مجمع کے ساتھ حضرت مصلح موعود کی نماز جنازہ میں بھی شامل ہوئے۔

سریلی آواز

سری لنکا کے محمد لبے اسماعیل صاحب رات کو جلد سو جاتے اور علی الصبح تہجد کے لئے بیدار ہو جاتے اور بہت دیر تک عبادت میں مصروف رہتے۔ عبادات اور دعاؤں میں بہت ہی شغف اور انہماک رکھتے تھے حقیقت یہ ہے کہ آپ کا وجود سری لنکا جماعت کے لئے بہت ہی غنیمت تھا۔ آواز بہت ہی سریلی اور خوبصورت تھی۔ نداء صلوٰۃ بلند کرتے تو سن کر بے حد لطف آتا تلاوت بہت پیاری کرتے تھے۔ عیدین کے مواقع پر دوست جب نماز کے لئے تشریف لے آتے تو مکرم اسماعیل صاحب تکبیرات دہرانے کی ڈیوٹی سنبھال لیتے اور نہایت ہی پرسوز اور دلربا آواز میں تکبیرات دہراتے اور جملہ احباب و خواتین بھی آپ کا تتبع کرتے۔ (الفضل 4/اکتوبر 2002ء)

عزیز احمد صاحب

فانی فی اللہ کی دعائیں

دعا ایک ایسا ہتھیار ہے جو نہ زنگ آلود ہوتا ہے اور نہ کند۔ اہل اللہ اسے ہمیشہ استعمال کرتے آئے ہیں اور بڑے بڑے اور بظاہر ناممکن مقاصد اس کے ذریعے حاصل کرتے ہیں۔ مگر آج کے مادی دور میں دعا کی اہمیت کو بھلا دیا گیا ہے بلکہ بعض نیچری قسم کی سوچ رکھنے والے لوگ تو اسے بے مقصد فعل سمجھتے ہیں۔ مگر حضرت مسیح موعود نے جنہیں اس میدان میں وسیع تجربہ تھا دعا کی اہمیت و حقیقت کو ایسا واضح فرمایا ہے کہ ایک سعید فطرت انسان کے بتائے ہوئے طریق کو اپنا کر اپنے قادر مطلق خدا کی گود میں جا بیٹھتا ہے اور اپنا ہر نیک اور جائز مقصد اس کے ذریعے حاصل کرتا ہے۔ چنانچہ حضور اس مسئلہ کی حقیقت بیان کرتے ہوئے فرماتے ہیں۔

